19 D/ siraj/notification

(iv) امیدوار نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی کاپی اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر معیاد ارسال کریں۔

(v) تعلیمی سیشن 24-2022 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران ہی دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(vi) اگر کوئی امیدوار سال 2022ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے سال 2023ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہوسکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سیکنڈ اینول 2023ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

4- **<u>کالج ٹو کالج مائیگریشن۔</u>**

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکتی ہے۔مائیگریشن فیس کی عام شرح-/2000 روپے اور ارجنٹ فیس-/2500 روپے ہے۔

نوٹ:۔ کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف online web portal کے ذریعے ہی ہوگی۔

5- **<u>گروپ کی تبدیلی۔</u>**

6- میڈیکل ٹیکنالوجی میں گروپ تبدیلی کی فیس مبلغ-/5500 روپے ہوگی۔ فارم داخلہ فیڈنگ کے وقت گروپ تبدیلی کی ACCESS دی جائے گی۔

دیگر بورڈز میں متعلقہ ٹیکنالوجی میں رجسٹرڈ ہونے والے رشامل امتحان ہونے والے اُمیدواران مائیگریشن حاصل کرنے کی صورت میں بورڈ ہذا میں رجسٹریشن کیلئے میڈیکل ٹیکنالوجی کیلئے مقررہ رجسٹریشن فیس ادا کریں گے۔سربراہ ادارہ ایسے طلباو طالبات کو کالج لیونگ کے بعد اندر 30 یوم داخلہ دے کر اندر 15 یوم رجسٹریشن ریٹرن بورڈ ہذا میں پہنچانے کے پابند ہونگے۔رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ دوسرے بورڈ سے جاری شدہ NOC بصورت اصل اور کالج لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ارسال کرنا ہوگی۔تحت قواعد داخلہ نہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر دی جائے گی۔

7- **<u>ری ایڈمیشن(FSC ٹو میڈیکل ٹیکنالوجی)</u>**

اُمیدوار کی طرف سے کسی دیگر گروپ میں سال اول میں داخلہ حاصل کر کے سال اول میں شامل امتحان ہونے کے بعد یا بدوں امتحان دیئے جاری سیشن میں گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کی صورت میں ری ایڈمیشن فیس مبلغ-/4100 روپے تبدیلی گروپ فیس مبلغ-/5500 کل مبلغ-/9600 روپے وصول کیئے جائیں گے۔

8- میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ میں سال اول میں شامل امتحان ہونے والے طلباء طالبات بدوں تبدیلی گروپ ری ایڈمیشن حاصل کرنے کے اہل ہونگے۔

9- دوسرے بورڈز سے آنے والے امیدوار اپنے سابقہ بورڈ میں ری ایڈمٹ ہونے کے بعد بورڈ ہذا میں سال اول میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

10- تعلیمی سیشن 25-2023 میں حسب ذیل ٹیکنالوجی گروپس میں طلباؤ طالبات کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| i- میڈیکل لیب ٹیکنالوجی | ii- آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی | iii- ریڈیالوجی (ایکسرے) ٹیکنالوجی |
| iv- ڈینٹل ہائی جین ٹیکنالوجی | v- آپتھالمک ٹیکنالوجی | vi- ڈسپینسنگ ٹیکنالوجی |
| vii- کارڈیو ویسکولر ٹیکنالوجی | | |

24.8.23

(ساجد عزیز نور)
سیکریٹری

نمبر بورڈ رجسٹریشن / 6378-6428 / 2023 مورخہ: 24-08-2023

نقل بالا بخدمت:

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
2- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب سینئر وزیر آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
3- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب سیکریٹری (ہائیرایجوکیشن ر ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ ہائیرایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ رزنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیرایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/ مظفرآباد/ پونچھ ڈویژن۔
6- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
7- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور رتراڑکھل رمظفرآباد۔
8- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (میڈیکل ٹیکنالوجی)
9- سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور رراولپنڈی رگوجرانوالہ رسرگودھا رفیصل آباد رڈیرہ غازی خان رملتان ربہاولپور رساہیوال۔
10- نمائندگان PTV/APP، روزنامہ، نوائے وقت/ جنگ/ پاکستان/ اوصاف/ خبریں/ انصاف/ کائنات/ اساس/ اجناح بغرض اشاعت بطور خبر۔
11- نیوز آڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور۔
12- داخلی تقسیم/ آفس آرڈر فائل/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔